مطالعہ کی میز پر

تبصرہ نگار
محمد رمضان یوسف سلفی
فیصل آباد

تبصرہ کیلئے دو کتب کا آنا ضروری ہے (ادارہ)

گناہ چھوڑنے کے انعامات

مصنف: ابراہیم بن عبداللہ الحازمی

مترجم: حافظ محمد عباس انجم گوندلوی

نظر ثانی واضافہ: محمد طاہر نقاش

صفحات: 208، قیمت: 80 روپے

ناشر: دار الابلاغ پبلشرز اینڈ ڈسٹری بیوٹرز لاہور پاکستان

دنیا سرسبز وشاداب ہے، اس کی چمک دمک اور رنگینیاں اپنے دامن میں بڑی ہی پرفریب کشش رکھتی ہیں۔ جب کہ انسان فطرتاً خطاونسیان کا پتلا ہے وہ دنیا کی فریب کاریوں کی طرف مائل ہوئے بغیر نہیں رہتا۔ اور پھر ہم جس معاشرے میں زندگی کے دن گزار رہے ہیں اس کا المیہ یہ ہے کہ اسلامی قدریں کھو چکی ہیں، امانت و دیانت کا ملنا جوئے شیر لانے کے مترادف ہے۔ بڑے بڑے عالموں اور زاہدوں کے تدین و تقویٰ اور ورع وعفاف کی صاف وشفاف چادر بھی دنیا کی فریب کاریوں کے زیراثر آ کر داغ دار ہونے سے نہیں بچ سکی۔ ان حالات میں لوگوں کو نصیحت آموز واقعات سے نیکی کی تلقین و تاکید کرنا بڑی سعادت و خوش بختی کی بات ہے۔ پیش نگاہ کتاب اسی سلسلہ کی ایک خوبصورت اور لائق تحسین کاوش ہے۔ اس میں خلوص وللّٰہیت، امانت و دیانت، صبر واستقامت، حب الٰہی، محبت مصطفی ﷺ اور بڑے ہی ایمان افروز اور سبق آموز واقعات کو نہایت قرینے سے ضبط تحریر میں لانے کی کوشش کی گئی ہے۔ اپنے موضوع کی یہ دلچسپ کتاب ہے اس میں موضوع سے متعلق واقعات کو اس خوبصورتی سے پیش کیا گیا ہے کہ قاری کتاب شروع کر کے اس میں ہی گم ہو کر رہ جاتا ہے اور جب تک وہ اس کتاب کو ختم نہیں کر لیتا اس کے ہاتھ سے علیحدہ نہیں ہوتی۔ اس کتاب کا مطالعہ قاری کو ایمان کی حلاوت نیکی کا جذبہ اور برائی سے بچنے کی تلقین کرتا ہے۔ یہ کتاب معاشرے کی اصلاح کیلئے ایک قابل عمل نمونہ ہے چاہئے کہ ہر بھائی اس کے مطالعہ سے مستفید ہو۔ اصل کتاب عربی میں تھی جس کا ترجمہ جماعت کی معروف علمی شخصیت شیخ الحدیث حافظ محمد الیاس انجم گوندلوی صاحب نے بڑے احسن انداز میں کیا ہے نیز ہمارے جماعتی دوست مولانا محمد طاہر نقاش صاحب نے اس اہم کتاب کو خوبصورت اسلوب میں ایڈٹ کیا ہے۔ اور اپنے وسیع مطالعہ سے بہت سے سبق آموز واقعات کو اس کتاب میں شامل کر دیا ہے۔ اس سے کتاب کی افادیت واہمیت میں بے پناہ اضافہ ہو گیا ہے۔ کتاب کا اردو ترجمہ بھی رواں اور سلیس ہے اور جبکہ عمدہ کاغذ، طباعت اور جاذب نظر ٹائٹل نے اس کتاب کے ظاہری ومعنوی حسن کو اور دوبالا کر دیا ہے۔ ہر بھائی کو چاہئے کہ وہ اس کتاب کا مطالعہ کرے اس کتاب کے سب ٹائٹل پر ایک حدیث لکھی گئی ہے اس سے کتاب کا عنوان واضح ہوتا ہے حدیث ملاحظہ فرمائیں: من ترک لله شيئا عوضه الله خيرا منه۔

جس نے اللہ کیلئے کوئی چیز (گناہ) چھوڑ دی اللہ تعالیٰ اس کو اس کے بدلے ضرور نعم البدل عطا کرے گا۔

دوست کیسے بنائیں

تالیف: عبداللہ علی بن الجعیثن

مترجم: ابوعثمان خبیب احمد سلیم

نظر ثانی واضافہ: محمد طاہر نقاش

صفحات: 72، قیمت: 40 روپے

ناشر دارالابلاغ پبلشرز اینڈ ڈسٹری بیوٹرز لاہور پاکستان

دنیا کے اس میلے میں جو انسان بھی زندگی کے لمحات گزار رہا ہے وہ کسی نہ کسی انسان سے تعلق اور دوستی کا رشتہ ضرور قائم کئے ہوئے ہے۔ ان میں بعض لوگ وقت گزاری کیلئے دوسروں سے دوستی کرتے ہیں، بعض ذاتی مفادات کیلئے اور کچھ لوگ فقط اللہ کی رضا و خوشنودی کیلئے دوسروں سے محبت واخوت کا تعلق قائم کرتے ہیں۔ اسلام نے بھی ہمیں یہی تاکید وتلقین کی ہے کہ ہم نیک لوگوں سے ہی دوستی رکھیں۔ اور ایک مسلمان کیلئے یہ لازم بھی ہے کہ وہ فقط اللہ تعالیٰ کیلئے ہی کسی سے دوستی رکھے اور اسی کیلئے دشمنی۔ اس بات کو

بقیہ صفحہ نمبر 39